

حدیث: ”اے اللہ! میری قبر کو بت نہ بنانا

زمرہ: عقیدہ . اسماء و احکام . شرک .

عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم:
«اللهُمَّ لَا تَجْعَلْ قَبْرِي وَثَنًا، لَعَنَ اللهُ قَوْمًا اتَّخَذُوا قُبُورَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ».  
[صحيح] - **[رواه أحمد]** - **[مسند أحمد: 7358]**

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا:
”اے اللہ! میری قبر کو بت نہ بنانا۔ ان لوگوں پر اللہ کا شدید غضب نازل ہو، جنھوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیا“۔  
[صحیح] - **[رواہ أحمد]** - **[مسند أحمد - 7358]**

شرح

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے اپنے رب سے دعا کی ہے کہ وہ آپ کی قبر کو اس بت کی طرح بننے نہ دے، لوگ جس کی عبادت کرتے ہیں۔ مثلا اس کی غلو آمیز تعظیم کرتے ہیں اور اس کی جانب منہ کرکے سجدہ کرتے ہیں۔ پھر اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ اللہ نے ان لوگوں کو اپنی رحمت سے دور کر دیا، جنھوں نے اپنے نبیوں کی قبروں کو مسجد بنا لیا، کیوں کو ان کو مسجد بنانا ان کی عبادت اور ان کے بارے میں غلو آمیز عقیدے کا ذریعہ ہے۔  

حدیث کے کچھ فوائد

1. **نبیوں اور نیک لوگوں کے بارے میں شرعی حد سے آگے بڑھنے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اللہ کے علاوہ ان کی عبادت ہونے لگتی ہے۔ اس لیے شرک کے وسائل سے بچنا ضروری ہے۔** 
2. **قبروں کی تعظیم اور ان کے پاس عبادت کرنے کے لیے ان کا رخ کرنا جائز نہیں ہے، چاہے قبر میں مدفون شخص اللہ سے جتنا بھی قریب ہو۔** 
3. **قبروں پر مسجد بنانا حرام ہے۔** 
4. **قبروں کے پاس نماز پڑھنا حرام ہے، چاہے وہاں مسجد نہ بھی بنائی گئی ہو۔ البتہ ایسے جنازے کی نماز اس سے مستثنی ہے، جس پر نماز نہ پڑھی گئی ہو۔** 

زمرے

- عقیدہ . اسماء و احکام . شرک
- فقہ و اصولِ فقہ . فقہِ عبادات (عبادات سے متعلق شرعی مسائل) . نماز . مساجد کے احکام

عربي English Español Indonesia ئۇيغۇرچە বাংলা Français Türkçe Русский

Bosanski සිංහල हिन्दी 中文 فارسی Tiếng Việt Tagalog Kurdî Hausa

Português മലയാളം తెలుగు Kiswahili தமிழ் မြန်မာ ไทย Deutsch پښتو

অসমীয়া Shqip Svenska አማርኛ Nederlands ગુજરાતી Кыргызча नेपाली Yorùbá

Lietuvių دری Српски Soomaali тоҷикӣ Kinyarwanda Română Magyar

Čeština Moore Malagasy Fulfulde Italiano Oromoo ಕನ್ನಡ Wolof Български

Azərbaycan Ελληνικά Akan O'zbek Українська ქართული Lingala

Македонски ភាសាខ្មែរ Bambara ਪੰਜਾਬੀ मराठी Dansk Kirundi Kurmancî